# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 10 August-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۰/اگست ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ طبّی تعلیم کے پوسٹ گریجویٹ کورسیز میں داخلے کیلئے کل منعقد کیے جانے والے NEET امتحانات منسوخ کرنے کی درخواست سپریم کورٹ نے کی مسترد۔

☆ جالنہ-جلگاؤں نئی ریلوے لائن کی تعمیر کیلئے مرکزی کابینہ نے سات ہزار 105 کروڑ روپئوں کے خرچ کو دی منظوری۔

☆ ہر گھر ترنگا مہم کا ہر طرف کل سے آغاز۔

اور۔۔ ☆ پیرس اولمپک کھیلوں میں کُشتی کے کھلاڑی امن سہراوت کو کانسے کا تمغہ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

سپریم کورٹ نے طبّی تعلیم کے کل منعقدہ پوسٹ گریجویٹ کورسیز میں داخلے کیلئے امتحان NEET کو منسوخ کرنے کی درخواست کو مسترد کردیا ہے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی زیرِ صدارت بینچ نے کہا کہ PG-NEET امتحانات کو منسوخ یا ملتوی کرکے کم و بیش دو لاکھ طلبہ کے مستقبل سے کھلواڑ نہیں کیا جاسکتا۔ گذشتہ 23 جون کو ہونے والے امتحانات کو مرکزی وزارتِ صحت نے دیگر مقابلہ جاتی امتحانات میں ہونے والی بے قاعدگیوں کے پیشِ نظر ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ سپریم کورٹ کے اس فیصلے کے بعد اب یہ امتحانات کل ملک بھر کے 500 مراکز پر منعقد کیے جا رہے ہیں۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس کل غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردیا گیا۔ اس سیشن میں لوک سبھا نے 115 گھنٹے اور راجیہ سبھا نے 90 گھنٹے کام کیا۔ اس دوران لوک سبھا میں کُل 12 بلز پیش کیے گئے، جن میں سے مالیات اور ہوابازی سے متعلق بلوں سمیت چار بلز ایوان نے منظور کیے۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کل لوک سبھا میں ریلوے ترمیمی بل 2024 پیش کیا۔ وہیں راجیہ سبھا میں

***** ***** *****

مرکزی کابینہ نے کل جالنہ-جلگاؤں نئی ریلوے لائن کیلئے سات ہزار 150 کروڑ روپئوں کے اخراجات کو منظوری دی۔ اس منصوبے کی تکمیل کیلئے ریاستی حکومت پچاس فیصد فنڈ فراہم کرے گی۔ اس ریلوے راستے کی تعمیر کے سبب جالنہ لوک سبھا حلقے کی کایا پلٹ ہوجائے گی اور سیاحت کے شعبے میں زبردست اضافہ ہوگا۔ ودربھ اور مراٹھواڑہ کے مسافروں کیلئے اس ریلوے لائن کی تعمیر سے آسانی ہوگی۔ شمالی بھارت سے جڑنے والی اس ریلوے لائن کیلئے مرکزی حکومت کی منظوری ملنے کے بعد اب زمین کے حصول سمیت دیگر کارروائیوں کیلئے راستہ صاف ہوگیا ہے۔ جالنہ لوک سبھا حلقے سے گذرنے والی یہ 174 کلومیٹر طویل ریلوے لائن ہوگی۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ میں وقف ترمیمی بل کا جائزہ لینے کی خاطر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے اراکین کے ناموں کا کل اعلان کیا گیا۔اس کمیٹی میں لوک سبھا کے 21 اراکین اور راجیہ سبھا کے 10 اراکین شامل ہیں۔کمیٹی آئندہ لوک سبھا اجلاس کے پہلے ہفتے کے آخر تک اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔پارلیمانی اُمور کے وزیر،کرن رِجیجو نے کل پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیراشونی وَیشنو نے بتایا کہ درجِ فہرست ذاتوں SC اور قبائل ST کے ریزرویشن کے بارے میں سپریم کورٹ کی طرف سے دیئے گئے فیصلے پر مرکزی کابینہ کی میٹنگ میں تبادلۂ خیال کیا گیا۔وزیرِ موصوف نے وضاحت کی کہ حکومت کا مؤقف ہے کہ ریزرویشن دستور کی دفعات کے مطابق ہونا چاہیے۔

***** ***** *****

قبائلی ترقی کے ریاستی وزیر وجئے کمار گاوت نے کہاہ کہ اگر ہمیں مرکزی دھارے میں آنا ہے تو تعلیم کے سوا کوئی راستہ نہیں ہے۔وزیرِ موصوف کل عالمی قبائلی دِن کے موقع پر نندوربار میں منعقدہ ریاست گیر پروگرام میں بول رہے تھے۔انھوں نے کہا کہ آشرم اسکولوں کے ذریعے معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ سویم اسکیم کے تحت تعلقہ سطح پر بھی فنڈ فراہم کیا جائے گا۔اس موقع پر گاوِت نے تیقن دیا کہ آئندہ چھ مہینوں میں قبائلی ترقی محکمے کے تحت چلنے والے تمام سرکاری آشرم اسکولوں کو ڈیجیٹل کر دیا جائیگا۔

***** ***** *****

عالمی قبائلی دِن کی مناسبت سے کل ہنگولی شہر کے کرانتی سور یہ برسا منڈا چوک پر برسا منڈا کی تصویر پر پھول چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر سابق رکنِ اسمبلی سنتوش ٹارفے سمیت قبائلی برادری کے لوگوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

اسی بیچ قبائلی برادری کے مختلف مطالبات کی یکسوئی کی خاطر ہنگولی کلکٹر دفتر کے روبرو احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔اس موقع پر پیش کیے گئے محضر میں مطالبہ کیا گیا کہ خصوصی قبائلی عہدے فوری پُر کیے جائیں، نئے راشن کارڈ کے حاملین کو اناج فراہم کیا جائے، سرکاری آشرم اسکولوں میں کلاس کو نہ بڑھایا جائے۔

ناگپور، گوندیا، گڑچرولی سمیت ریاست کے دیگر اضلاع میں بھی کل قبائلی دِن منایا گیا۔

***** ***** *****

ریاست میں ہر گھر ترنگا مہم کا کل سے آغاز ہوگیا ہے۔اس مہم کا افتتاح کل وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے نے ممبئی میں کیا۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ اس مہم نے عوامی تحریک کی شکل اختیار کرلی ہے اور اس برس ریاست کے ڈھائی کروڑ گھروں پر ترنگا لہرایا جائیگا۔اس سے قبل وزیرِاعلیٰ نے کل اگست کرانتی دِن کی مناسبت سے ممبئی کے تاریخی اگست کرانتی میدان میں شہیدوں کی یاد میں تعمیر کیے گئے ستون پر سلامی دی۔انھوں نے ترنگا کینواس پر دستخط کیے اور ہر گھر ترنگا مہم سیلفی پوائنٹ پر سیلفی بھی لی۔

***** ***** *****

اس مناسبت سے مراٹھواڑہ کے لاتور، جالنہ، ناندیڑ، بیڑ، ہنگولی اور دھاراشیو سمیت ہر جگہ ترنگا ریلیاں نکالی گئیں اور پروگرامس کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر تمام شہریان سے قومی پرچم کا تقدس برقرار رکھنے اور ہر گھر ترنگا مہم میں شامل ہونے کی اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے کلکٹر دلیپ سوامی نے کل شہر کے کالجوں کے پرنسپلز سے میٹنگ کی۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ ہر گھر ترنگا مہم کو مختلف سرگرمیوں جیسے نوجوانوں کے درمیان مذاکرات، ووٹروں کے اندراج اور عوامی بیداری کے ذریعے چلایا جانا چاہیے۔انھوں نے تمام اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ سے حب الوطنی کے جذبے کو بیدار کرنے کی خاطر اس مہم میں حصہ لینے کی اپیل کی۔اسی بیچ چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے اگست کرانتی دِن کے موقع پر کل شہر میں واقع مجاہدینِ آزادی کے مجسّموں پر پھول چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

مہاراشٹر نونرمان سینا کے صدر راج ٹھاکرے کل بیڑ ضلع کے دورے پر پہنچے۔اس کے سبب شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی اور منسے کے درمیان کشیدگی پیدا ہوگئی۔ پولس نے بروقت مداخلت کی، جس سے صورتحال قابو میں آ گئی۔

***** ***** *****

کھیل اور نوجوانوں کی ترقی کے ریاستی وزیر سنجے بنسوڑے نے کہا ہے کہ حکومت دیہی علاقوں کے شہریان کو صحت کی اچھی سہولت فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔وزیرِ موصوف کل جلکوٹ تعلقے کے گھونسی میں بنیادی صحت مرکز کی عمارت کا سنگِ بنیاد رکھ رہے تھے۔اسی طرح کل وزیرِ موصوف کے ہاتھوں اودگیر میں علاقائی ٹرانسپورٹ کے ذیلی دفتر کا افتتاح بھی عمل میں آیا۔

***** ***** *****

پربھنی کے ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر ہدایت دی ہے کہ افسران انتخابی مراکز کے جائزے سمیت رائے دہندگان کے ناموں کے اندراج اور دیگر متعلقہ کام مشن موڈ پر انجام دیں۔وہ کل پربھنی میں اس خصوص میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

اسی بیچ ہنگولی ضلع میں آج اور کل ایک خصوصی ووٹروں کے ناموں کے اندراج کی مہم چلائی جا رہی ہے۔

***** ***** *****

پرہار تنظیم کی جانب سے کل رکنِ اسمبلی بچو کڑو کی قیادت میں چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں احتجاجی جلوس نکالا گیا۔اس موقع پر بچو کڑو نے حکومت کو انتباہ دیا کہ اگر پانچ ستمبر تک معذوروں اور مزدوروں کے مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو وہ 22 ستمبر کو ممبئی کیلئے مارچ کریں گے۔

***** ***** *****

پیرس اولمپک کھیلوں میں کل پہلوان امن سہراوت نے کُشتی کے 57 کلوگرام وزن کے زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔امن نے پورٹو ریکو کے پہلوان کو 5-13 کے فرق سے ہرایا۔وہیں خواتین کُشتی کے 76 کلوگرام وزن زمرے میں آج رِتیکا ہڈّا شرکت کریں گی' اور گولف ایونٹ میں بھارت کی ادیتی اشوک اور دِکشا ڈاگر چوتھے راؤنڈ کے میچ میں حصہ لیں گی۔

پیرس اولمپک کی اختتامی تقریب میں کل نشانے باز منو بھاکر اور ہاکی کے گول کیپر پی آر شری جیش بھارتی ٹیم میں پرچم برداری کریں گے۔

***** ***** *****

## :::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ طبّی تعلیم کے پوسٹ گریجویٹ کورسیز میں داخلے کیلئے کل منعقد کیے جانے والے NEET امتحانات منسوخ کرنے کی درخواست سپریم کورٹ نے کی مسترد۔
- ☆ جالنہ-جلگاؤں نئی ریلوے لائن کی تعمیر کیلئے مرکزی کابینہ نے سات ہزار 105 کروڑ روپیؤں کے خرچ کو دی منظوری۔
- ☆ ہر گھر ترنگا مہم کا ریاست میں ہر طرف کل سے آغاز۔
- اور۔۔ ☆ پیرس اولمپک کھیلوں میں کُشتی کے کھلاڑی امن سہراوت کو کانسے کا تمغہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔